DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 23-10-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔ بلوچستان حکومت تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے، گورنر جان جمالی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔ بلوچستان حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کر رہی، مولانا واسع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔ گرے لسٹ کی وجہ سے پاکستان نے مشکل وقت کا سامنا کیا، بشریٰ رند | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔ ضیاء لانگو کی شہید سیکورٹی اہلکاروں کے درجات کی بلندی کی دعا | مشرق ودیگر اخبارات |
| 5۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں کوئی غفلت برداشت نہیں کریں گے، طوراتمانخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 6۔ توشہ خانہ فیصلہ الیکشن کمیشن نے اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر کیا ہے، زمرک اچکزئی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 7۔ بلوچستان اور فوج اور ایف سی کے طبی کیمپوں میں 1400 مریضوں کا علاج | جنگ ودیگر اخبارات |
| 8۔ آئی جی ایف سی ساؤتھ سے عبدالروف رند کی ملاقات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 9۔ حکومت امن وامان کیلئے اقدامات کر رہی ہے، ترجمان حکومت | آزادی ودیگر اخبارات |
| 10۔ حکومت غیر سرکاری اداروں کو سپورٹ کرتی رہے گی، ڈاکٹر ربابہ بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔ فلیجی کے سیلاب متاثرین میں چینی کیمونسٹ پارٹی کی جانب سے امدادی سامان تقسیم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔ گوادر فری زون میں ای کسٹم سروس سے سامان کی کلیرنس شروع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13۔ بلوچستان میں دل کی بائی پاس سرجری شروع ہوگئی، سیکرٹری صحت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14۔ 8 سالہ بچی سے بدفعلی کے مجرم کو 14 سال قید 2 لاکھ جرمانہ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 15۔ باشعور افراد کی شمولیت سے بیانیہ اور جدوجہد کی تقویت ملے گی، بی این پی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16۔ تقسیم در تقسیم سے پشتونوں کو نقصان پہنچانے والوں کا محاسبہ کرنا ہوگا، اصغر اچکزئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17۔ مفاد اقتدار پرستوں نے سیاست کا چہرہ داغدار کر دیا، جماعت اسلامی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18۔ مستونگ میں تاجروں پر فائرنگ کے ملزمان گرفتار کیے جائیں، جمعیت ن | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

خضدار پولیس کی کارروائی تین ڈکیت گرفتار، مسروقہ سامان برآمد، خاران گرفتار ملزمان کے انکشاف پر مزید مسروقہ موٹر سائیکل اور موبائل برآمد، مشرقی بائی پاس پر ہمسایوں میں تصادم ایک ہلاک، تربت منی لانڈرنگ کا الزام ایک شخص گرفتار، حب ڈاکو گرفتار ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر ایک شخص زخمی،

## عوامی مسائل

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے کئی علاقوں میں گیس بحران میں اضافہ، لیاقت بازار میں گاڑیوں کی پارکنگ سے لوگ تنگ، اوستہ محمد میں امداد نہ ملنے کیخلاف احتجاجی کیمپ پانچویں روز بھی جاری رہا، ٹول ٹیکس میں اضافہ شاہراہوں پر لوٹ مار آئل ٹینکر اونرز نے ملک بھر میں ایندھن کی سپلائی روک دی

**مورخہ 23-10-2022**

## اداریہ

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**موسم سرما توانائی کے مسائل اور بلوچستان** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں پچھلے چند برسوں سے یہ ایک معمول بن چکا ہے کہ سردیاں شروع ہوتی ہیں تو گیس کا مسئلہ سر اُٹھانے لگتا ہے اور گرمیاں آتی ہیں تو بجلی ناپید ہوجاتی ہے عام طور پر گرمیوں میں بجلی اور سردیوں میں گیس کی عدم دستیابی کے خلاف صارفین سڑکوں پر آکر احتجاج کرتے ہیں احتجاج کا یہ سلسلہ کراچی اور فیصل آباد جیسے بڑے شہروں سے لے کر قلات اور زیارت جیسے چھوٹے اضلاع اور قصبوں تک ہر جگہ جاری رہتا ہے اس شعبے میں اصل میں ماضی میں شدید عدم توجہی برتی گئی جو اقدامات اُٹھائے جانے تھے وہ نہیں اُٹھائے گئے اور اس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے امسال تو صورتحال مزید گرگوں اور زیادہ بحرانی ہے جس کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ امسال گیس پریشر میں کمی کے ساتھ ساتھ مکمل لوڈشیڈنگ کا بھی عندیہ دیا جا رہا ہے بلکہ اس ضمن میں اعلانات تک ہوئے ہیں کہ گیس لوڈشیڈنگ کرنی پڑے گی کیونکہ طلب اور رسد میں غیر معمولی فرق حائل ہے البتہ بجلی کی طلب اور رسد کے معاملات میں بہتری کی امید ہے کیونکہ وفاقی حکومت نے بروقت معاملات کا نوٹس لینا شروع کیا ہے ابھی گزشتہ روز بھی وزیراعظم شہباز شریف نے اس ضمن میں خصوصی اقدامات کی تاکید کی ہے وزیراعظم نے موسم سرما میں بجلی کی طلب و رسد پر کڑی نظر رکھنے اور صارفین کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کیلئے تمام ضروری اقدامات اُٹھانے کی ہدایت کی ہے۔ان علاقوں کے لوگ ابھی سے پریشان ہیں کہ امسال سردیاں کیسے کٹیں گی ہم نے پہلے بھی تجویز دی تھی اب بھی ہم یہی سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کو گیس کی لوڈشیڈنگ اور ساتھ ہی بلوچستان میں بجلی کی اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے ساتھ ساتھ جو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور وولٹیج کی کمی بیشی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر دیکھے جائیں اور حل کئے جائیں۔

## ادریہ

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان کابینہ کے اہم فیصلے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**بلوچستان میں سیلاب زدگان کے مصائب کم نہ ہو سکے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**پاکستان میں پولیو مریض معاشرے کے فرد کا کردار لازمی** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 23 OCT 2022 Page No. 2


# توشہ خانہ فیصلہ الیکشن کمیشن نے اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر کیا، زمرک اچکزئی

الیکشن کمیشن اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر فیصلے کرنے کا آئینی حق رکھتا ہے کسی کو الیکشن کمیشن کے فیصلے پر اعتراض ہے تو قانونی راستہ اختیار کرے

## آئین ہر کسی کو یہ حق دیتا ہے کہ کسی فیصلے کے خلاف اعلیٰ عدالتوں سے رجوع کیا جائے، صوبائی وزیر خوراک

کوئٹہ (آئی این پی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر خوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ توشہ خانہ فیصلہ، الیکشن کمیشن نے اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر کیا ہے، الیکشن کمیشن اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر فیصلے کرنے کا آئینی حق رکھتا ہے کسی کو

بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

الیکشن کمیشن کے فیصلے پر اعتراض ہے تو قانونی راستہ اختیار کرے آئین ہر کسی کو یہ حق دیتا ہے کہ کسی فیصلے کے خلاف اعلیٰ عدالتوں سے رجوع کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ یہ انصاف نہیں کہ فیصلہ حق میں ہو تو ٹھیک اور خلاف ہو تو غلط ہے موجودہ حالات میں پاکستان مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا انہوں نے کہا کہ سیاست شائستگی کا نام ہے صبر و تحمل اور شائستگی کا دامن کسی صورت نہیں چھوڑنا چاہیے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کے خلاف فیصلہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر کیا ہے۔ الیکشن کمیشن اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر فیصلے کرنے کا آئینی حق رکھتا ہے۔ کسی کو الیکشن کمیشن کے فیصلے پر اعتراض ہے تو قانونی راستہ اختیار کرے۔ آئین ہر کسی کو یہ حق دیتا ہے کہ کسی فیصلے کے خلاف اعلیٰ عدالتوں سے رجوع کیا جائے۔ تحریک انصاف بھی یہ حق رکھتی ہے کہ اگر ان کو فیصلے پر اعتراض ہے تو قانونی راستہ اختیار کرے۔ یہ انصاف نہیں کہ فیصلہ حق میں ہو تو ٹھیک اور خلاف ہو تو غلط ہے۔ موجودہ حالات میں پاکستان مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ سیاست شائستگی کا نام ہے صبر و تحمل اور شائستگی کا دامن کسی صورت نہیں چھوڑنا

چاہیے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 2

Dated: 23 OCT 2022 Page No. 3


## گوادر میں ملک کے کسی بھی خطے سے زیادہ صلاحیتیں

جی او سی 44 اسپیشل سیکیورٹی ڈویژن

گوادر کی ترقی میں مقامی قیادت کی اہمیت و کردار ناگزیر، ماہی گیروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ضرورت ہے

عمائدین اور معززین کی ملاقات، علاقے کی ترقی اور امن کیلئے پاک فوج و دیگر ریاستی اداروں کو مکمل حمایت کی یقین دہانی

کوئٹہ (پ ر) جی او سی 44 اسپیشل سیکیورٹی ڈویژن نے کہا ہے کہ گوادر میں پاکستان کے کسی بھی دوسرے خطے سے کہیں زیادہ صلاحیت موجود ہے، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز مقامی عمائدین اور معززین سے ملاقات میں کہی، وفد نے علاقے کی ترقی و خوشحالی اور پائیدار امن و استحکام کے لئے پاک فوج کی دیگر ریاستی اداروں کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کرائی، وفد میں مقامی عمائدین، سیاسی اکابرین، انتظامیہ کے افسران، مذہبی رہنما، ماہی گیر برادری کے نمائندے، معززین علاقہ اور زندگی کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین موجود تھے، جی او سی نے شرکا سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے گوادر کی ترقی میں مقامی قیادت کی اہمیت و کردار کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے مکران کی ترقی کے سفر میں خواتین کے انتہائی اہم کردار پر بھی روشنی ڈالی، جی او سی نے ماہی گیروں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا، ان کا کہنا تھا کہ علاقے کی بڑی کمیونٹی براہ راست پیٹرولیم مصنوعات کی تجارت سے جڑی ہے تاہم مقامی لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے کسی متبادل اور بہتر ذرائع کی اشد ضرورت ہے، جی او سی نے کہا کہ ضلع گوادر و ضلع لسبیلہ میں پانی اور توانائی کے مسائل کے حل کے لئے اختراعی سوچ کی ضرورت ہے، فوج اور عوام ایک ہی مالا کے موتی ہیں، علاقے میں فوج کی موجودگی کا مقصد علاقے کی ترقی و خوشحالی میں معاونت اور پائیدار امن و استحکام ہے، مقصد کے لئے فوج کی طرف سے گوادر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو تیز کرنے کی کوشش کے علاوہ 300 ملین روپے کی لاگت سے متعدد رفاہی و ترقیاتی کام آئندہ چند ماہ میں مکمل کئے جائیں گے۔


AZADI QUETTA


## حکومت امن وامان کیلئے اقدامات کر رہی ہے

ترجمان حکومت بلوچستان

پرامن بلوچستان ہمارا مستقبل ہے، ہماری زمین قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور یہی وجہ ہے کہ بیرونی سازشوں کا شکار ہے، بزنس کمیونٹی کسی بھی معاشرے میں معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہے، فرح عظیم شاہ

نوجوان کسی بھی ملک و معاشرے میں انتہائی اہمیت رکھتے ہیں حکومت نوجوانوں کو کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے پہلی مرتبہ صوبائی حکومت کاروبار کے فروغ کے لئے پرائیوٹ سیکٹر کو ساتھ شامل کر رہی، بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ حکومت صوبے میں امن و امان کے قیام کے لئے اقدامات کر رہی ہے پرامن بلوچستان ہمارا مستقبل ہے ہماری زمین قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور یہی وجہ ہے کہ بیرونی سازشوں کا شکار ہے، بزنس کمیونٹی کسی بھی معاشرے میں معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہے، بلوچستان کی معاشی ترقی میں بزنس کمیونٹی کا کردار قابل تحسین ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رومانیہ کی بزنس کمیونٹی کے وفد کے ہمراہ سال چیمبر کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاکستان کے سوڈان میں متعین سفیر میر بہروز ریگی، چیمبر آف سال ٹریڈر کے صدر ولی محمد نورزئی، رحیم کاکڑ، حمد اللہ ترین، ملک ندیم کاسی، ندیم خان، ڈاکٹر فرحت، اسد نورزئی مقبول الہی بخش، جاوید رحیم پراچہ، سید سلیم رضا، ماسٹر نادر، سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ فرح عظیم شاہ نے کہا کہ کاروباری طبقہ بلوچستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جو کہ قابل ستائش ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک و معاشرے میں انتہائی اہمیت رکھتے ہیں حکومت نوجوانوں کو کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے پہلی مرتبہ صوبائی حکومت کاروبار کے فروغ کے لئے پرائیوٹ سیکٹر کو ساتھ شامل کر رہی ہے اور آج رومانیہ کے وفد کے دورے کا (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 5 پر)

مقصد بھی یہی تھا کہ وہ یہاں آئیں کاروبار کریں صنعتیں قائم کریں حکومت انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی۔ ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ حکومت کا وژن ہے کہ کاروباری برادری کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں جلد بزنس کمیونٹی کے وفد کی وزیر اعلیٰ سے ملاقات کرواؤں گی تاکہ بزنس کمیونٹی براہ راست وزیر اعلیٰ کو اپنے مسائل سے آگاہ کرے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 23 OCT 2022 Page No. 8

## مشرقی بائی پاس پر ہمسایوں میں تصادم، ایک ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مشرقی بائی پاس پر معمولی تکرار پر ہمسایوں میں تصادم، خنجروں کے وار سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق مشرقی بائی پاس کے علاقے نورزئی کالونی میں رہائش پذیر محمد نعیم کا اپنے ہمسایہ سے معمولی تکرار پر جھگڑا ہوا جو تصادم کی صورت اختیار کرگیا خنجروں کے وار سے محمد نعیم ولد عبدالرحمن موقع پر جاں بحق ہوگیا جبکہ ملزمان فرار ہوگئے، اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش ہسپتال منتقل کرکے ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی، پولیس نے بتایا کہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس چھاپے ماررہی ہے۔

# MASHRIQ QUETTA

## خضدار پولیس کی کارروائی، تین ڈکیت گرفتار، مسروقہ سامان برآمد

**برآمد ہونیوالے سامان میں سرف گاڑی، موبائل اور نقد رقم شامل ہیں**

خضدار (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او سٹی تھانہ خضدار اور ایس ایچ او صدر تھانہ خضدار کا ڈکیتوں کے خلاف کامیاب کارروائی جمعہ کے دن سٹی ایریا کٹھان سے سرف......

بقیہ نمبر23 صفحہ 10 پر

گاڑی، موبائل اور نقدی رقم کی ڈکیتی کے کیس میں مطلوب تین ڈکیت گرفتار۔ انداز میں گرفتار کرلیا ایس ایس پی پولیس خضدار سید جاوید اقبال فرشین کی ڈکیتوں کے خلاف خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی سٹی سیانداد عمرانی کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی محمد جان ساسولی ایس ایچ او صدر عطاء اللہ جاموٹ ودیگر اہلکاروں نے مشترکہ کارروائی کرکے جمعہ کے دن دوپہر کو کٹھان بند کے ایریا سے سرف گاڑی موبائل اور نقدی رقم کو بندوق کے چھیننے والے تین ڈکیت کو ایک گھنٹے کے اندر اندر گرفتار کرلیا گیا ڈکیتی میں استعمال ہونے والا گاڑی بھی برآمد کیا ہے

## خاران، گرفتار ملزمان کے انکشاف پر مزید مسروقہ موٹر سائیکل اور موبائل برآمد

**گزشتہ دن انہی ملزمان کو گرفتار کرکے پانچ چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کی گئی تھیں**

خاران (پ ر) خاران پولیس کی کارروائی گرفتار ملزمان کے انکشافات پر مزید چوری شدہ موٹر سائیکل اور موبائل برآمد گزشتہ دنوں ہرو مسکان قلات کے ایریا سے مذکورہ چوروں نے مختلف راہگیروں سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھین لی تھی......

بقیہ نمبر22 صفحہ 10 پر

ایس ایچ او سٹی تھانہ خاران محمد قاسم بلوچ ایڈیشنل ایس ایچ او سید سعیر احمد شاہ ودیگر پولیس آفیسران نے دوران تفتیش گرفتار ملزمان کے انکشاف پر مزید کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل اور موبائل برآمد کرلیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ دن انہی ملزمان کو گرفتار کرکے ان سے پانچ چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کرکے ملزمان کو گرفتار کیا تھا عوامی حلقوں نے ڈی آئی جی رخشان رینج نذیر احمد کرد، ایس پی آصف حلیم بلوچ، ایس ایچ او سٹی تھانہ محمد قاسم، ایڈیشنل ایس ایچ او سید سعیر احمد شاہ ودیگر پولیس ٹیم کے کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ خاران جیسے پرامن ماحول کو خراب کرنے والے اور چوروں کے خلاف اس طرح کا کارروائی کو جاری رکھیں گے

# INTEKHAB QUETTA

## حب، ڈاکو گرفتار، ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر ایک شخص زخمی

**پولیس جرائم پر قابو پانے میں مکمل ناکام ہے آئی جی فوری نوٹس لیں، عوامی حلقوں کا مطالبہ**

حب (نمائندہ انتخاب) حب صدر پولیس تھانہ کی حدود میں ڈکیتیوں کی وارداتیں معمول کے مطابق جاری، ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر ایک شخص زخمی، ہسپتال منتقل کردیا گیا، دوسری ڈکیت کی واردات کے موقع پر شہریوں نے لوٹ مار کرنے والے ڈکیت گروہ کے کارندوں کو پکڑ اور اسلحہ قبضے میں لیکر حب صدر پولیس کے حوالے کردیا، حب صدر

بقیہ نمبر49 صفحہ 7 پر

پولیس شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام شہریوں کے جان ومال غیر محفوظ ہوگئے، پولیس ڈکیتیوں کے خلاف کارروائی کے بجائے بھتہ خوری اور دیگر سرگرمیوں میں مصروف شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں حب کے عوامی حلقوں کا صدر پولیس تھانے کی حدود میں چوری ڈکیتی لوٹ مار کی آئے روز وارداتوں کی بلوچستان پولیس سربراہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ گزشتہ روز حب صدر پولیس تھانہ کی حدود عدالت روڈ پر موٹر سائیکل سوار ڈکیت گروہ نے ایک شہری سے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت کرنے پر نوجوان زخمی ہوگیا جسے حب ہسپتال منتقل کردیا گیا تاہم مذکورہ ڈکیت گروہ واقعہ سے چند فرلانگ فاصلے پر ایک اور ڈکیتی کی واردات میں مصروف تھے کہ شہریوں نے ان کا گھیراؤ کرلیا اور ڈکیت گروہ کے کارندوں کو پکڑ کر ان کے قبضے سے اسلحہ برآمد کرکے صدر پولیس کے حوالے کردیا

## تربت منی لانڈرنگ کا الزام، ایک شخص گرفتار

تربت (آن لائن) ایف آئی اے تربت کی کارروائی، منی لانڈرنگ کا پہلا مقدمہ درج کرکے حلال نامی ملزم گرفتار، ذرائع کے مطابق ایف آئی اے تربت نے منی لانڈرنگ کا پہلا مقدمہ درج کرکے منی لانڈرنگ میں ملوث ملزم حلال احمد ولد حسن ساکن تربت کو عدالت سے ضمانت خارج ہونے کی صورت

بقیہ نمبر71 صفحہ 7 پر

میں گرفتار کرلیا ملزم نے کئی بینک اکاؤنٹس سے کروڑوں روپے منی لانڈرنگ کی ہے جس پر ایف آئی اے نے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

# کوئٹہ: دو ماہ میں 300 نئے ٹیوب ویل لگائے جانے کا انکشاف

## حد سے زیادہ ٹیوب ویلز کی تنصیب کی وجہ سے پہلے ہی پانی کی زیر زمین سطح 17 سوفٹ تک گر چکی ہے، نئے ٹیوب ویل لگنے سے پانی بالکل ہی ختم ہو جائیگا

### شہر کی ہر پانچ میں سے تین گلی محلوں میں ٹیوب ویل لگ رہے ہیں، ڈاکٹر فضل بلوچ، صورتحال پر قابو نہ پایا گیا تو آئندہ چند سالوں میں کوئٹہ رہنے کے قابل نہیں رہیگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں پانی کی گرتی ہوئی سطح کے باعث شہر آئندہ چند سال میں کربلا کر منظر پیش کرے گا شہر بھر میں ٹیوب ویل مافیا سرگرم چند سوفٹ کے ایریا پر بنے مکانوں کی جگہ بڑے بڑے پلازوں نے لے لی شہری پانی کو ترسنے لگے ایری گیشن ڈیپارٹمنٹ بھی من مانیاں کرنے لگا جہاں شہر بھر میں کبھی تین سوفٹ پر پانی نکل آتا تھا اب پانی کی گرتی ہوئی سطح کے باعث 14سو سے 17 سوفٹ تک بھی پانی کا ملنا مشکل ہو چکا ہے جس کی سب سے بڑی وجہ ہر علاقے میں ٹیوب ویلوں کی بھرمار ہے جس میں قانونی سمیت غیر قانونی ٹیوب ویل شامل ہیں۔ اندرون شہر صرف دو ماہ میں تین سو کے قریب نئے ٹیوب ویل گلی محلوں اور پلازوں کے لئے لگائے گئے جبکہ شہر بھر میں اب بھی بڑے پیمانے پر پلازوں کی تعمیر کی وجہ سے ہر علاقے میں بورنگ تواتر کے ساتھ کی جا رہی ہے۔ ہر گلی محلے میں مکانات فروخت کر کے پلازے بنائے جا رہے ہیں جس کی وجہ سے پانی کی ضرورت بڑھ رہی ہے۔ کوئٹہ میں پانی کی سطح روز بروز گرتی جا رہی ہے ایری گیشن کے ڈائریکٹر پروجیکٹ ڈاکٹر فضل بلوچ کے مطابق کوئٹہ شہر میں ماضی میں اکا دکا ہی ٹیوب ویل ہوتے تھے۔ زمینداروں کے علاوہ کوئی بور کرواتا تھا مگر اب ہر پانچ میں سے تین گلی محلوں میں ٹیوب ویل لگ رہے ہیں شہر میں بڑے بڑے پلازے بنائے جا رہے ہیں ظاہر ہے اس کے لئے پانی کی ضرورت ہوتی ہے تو لوگ کسی نہ کسی طریقے سے بور کروا کر اپنا کام چلاتے ہیں جس کے باعث پانی کی سطح شہر کے رہائشی اور کاروباری علاقوں میں بری طرح گر چکی ہے اگر یہی حال رہا تو آئندہ چند سالوں میں کوئٹہ پانی نہ ہونے کے باعث رہائش کے قابل نہیں رہے گا جس میں سب سے بڑی وجہ پلازوں کی اور گلی محلوں میں لگائے جانے والے ٹیوب ویلوں کی بھرمار ہے جبکہ حالیہ سیلاب اور بارشوں کے باعث پانی کی سطح بلند ہونی چاہیے تھی مگر پچھلی زمین اس قدر خشک ہو چکی تھی کہ اب سیم کی وجہ سے پانی کی سطح بحال نہ ہو سکی۔ کوئٹہ شہر میں پانی کی سطح گر چکی ہے اب 14 سے 17 سوفٹ کی گہرائی میں بھی بڑی مشکل سے پانی نکلتا ہے یہی وجہ ہے کہ کوئٹہ شہر میں پانی عام لوگوں کو ضرورت کے مطابق نہیں مل پا رہا اگر مذکورہ صورتحال پر قابو نہ پایا گیا تو کوئٹہ کربلا بن کر رہائش کے قابل ہرگز نہ ہوگا۔

92 نیوز کوئٹہ

# سول اسپتال میں مریضوں کا ہجوم، دوائیں ناپید

## موسم میں خشکی بڑھنے کیساتھ گلے کی بیماریاں پھیل گئیں، شہر کے سب سے بڑے اسپتال میں دوائیں کم پڑ گئیں، مریضوں کے تیمار دار نجی میڈیکل اسٹورز کا رخ کرنے پر مجبور

### امراض پھیلنے کی وجہ خوراک میں بے احتیاطی، کھانے پینے کی اشیا کی صفائی انتہائی ضروری، ٹھنڈے مشروبات اور زیادہ گھی والے کھانوں سے پرہیز کریں، طبی ماہرین کی رائے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) موسم کی خشکی میں اضافے کیساتھ کھانسی، زکام اور نزلہ سمیت گلے کی بیماریاں پھیلنے لگیں، سول اسپتال کے شعبہ ایمرجنسی میں مریضوں کا رش بڑھ گیا، ضروری دوائیں ناپید ہو گئیں، لوگ نجی میڈیکل اسٹورز کا رخ کرنے پر مجبور ہو گئے، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں موسم تبدیل ہونے کیساتھ نزلہ، زکام اور کھانسی کے علاوہ لوگوں میں گلے کے دیگر امراض پھیلنے لگے، کوئٹہ کے سول اسپتال میں علاج معالجہ کیلئے آنے والے مریضوں کا رش بھی بڑھنے لگا۔ دوسری جانب سب سے بڑے سرکاری اسپتال میں ضروری دواؤں کا فقدان بدستور برقرار ہے، گلے اور کھانسی کی بیماری میں مبتلا مریضوں کے لواحقین کو معمولی بیماری کی صورت میں نجی میڈیکل اسٹورز بھیج دیا جاتا ہے، طبی ماہرین کے مطابق موسم تبدیل ہونے کے ساتھ امراض پھیلنے کی وجہ خوراک میں بے احتیاطی ہے، کھانے پینے کی اشیا کی صفائی انتہائی ضروری ہے، سردیوں کے آغاز کیساتھ گلے میں خارش، جسم پر خشکی سمیت نزلہ، زکام اور بخار کے کیسز بڑھ رہے ہیں، احتیاط کرنے سے شہری محفوظ رہ سکتے ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق شہر میں گرد و غبار اور گندگی کے باعث کھانسی کے مریضوں کی تعداد بھی بڑھ رہی جس کے لیے صفائی کا خاص خیال رکھنا ضروری ہے، طبی ماہرین نے شہریوں کو تنبیہ کی ہے کہ وہ ریڑھیوں سے سموسے، چاٹ اور پکوڑے سمیت دیگر چیزیں نہ خریں، دن بھر گرد و غبار اور مٹی اڑ کر ان پر جم جاتی ہے جسے کھانے سے صحت پر برے اثرات مرتب ہوتے ہیں، شہری ٹھنڈے مشروبات اور زیادہ گھی والے کھانوں سے پرہیز کریں، یخنی اور گرم مشروبات کا استعمال زیادہ کریں، جلد کو خشکی سے بچانے کے لئے پیٹرولیم جیل اور تر کریم کا استعمال کریں، بدن میں درد اور بخار یا کھانسی کی شکایت ہو تو فوری طور پر معالج سے رجوع کریں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 OCT 2022 Page No. 10

## ٹول ٹیکس میں اضافہ شاہراہوں پر لوٹ مار، آئل ٹینکرز اونرز نے ملک بھر میں ایندھن کی سپلائی روک دی

قانون نام کی چیز ناپید، کسٹمز ایکسائز سمیت دیگر اداروں کی جانب سے ٹول ٹیکس میں دگنا اضافہ معاشی قتل کے مترادف ہے

توجہ مبذول کرانے کے باوجود کسی بھی ادارے کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی، غلط فیصلہ فوری واپس لیا جائے، شمس شاہوانی

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) ٹول ٹیکس میں اضافے اور لوٹ مار کیخلاف ملک بھر میں ایندھن کی سپلائی روک دی گئی، چیئرمین آل پاکستان آئل ٹینکر اونرز ایسوسی ایشن میر شمس شاہوانی کے مطابق بلوچستان میں ہنگامی اجلاس ہوا جس میں ٹرانسپورٹ برداری کو مختلف طریقوں سے تنگ کرنیوالے عناصر کیخلاف بطور ہڑتال اور تمام تر سپلائی روکنے کا فیصلہ کیا گیا، شمس شاہوانی کے مطابق کسٹمز ایکسائز سمیت دیگر......... بقیہ نمبر 46 صفحہ 10 پر

اداروں کی جانب سے ٹول ٹیکس میں دگنا اضافہ ٹرانسپورٹرز کے معاشی قتل کے مترادف ہے، ملکی شاہراہوں پر قانون نام کی چیز ناپید ہو چکی، ٹرانسپورٹرز کے ساتھ لوٹ مار عام ہو چکی، توجہ مبذول کرانے کے باوجود کسی بھی ادارے کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی، غلط فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے۔

## کوئٹہ سمیت بلوچستان کے کئی علاقوں میں گیس بحران میں اضافہ

حکام نے گیس کو ٹھیک کرنے کے دعوے تو کیے لیکن عملی طور پر کچھ نہیں ہوا، خواتین کو امور خانہ داری میں مشکلات کا سامنا

اکثر علاقوں میں ایک مہینے سے گیس بالکل غائب ہے عوام کئی بار سڑکوں پر بھی نکل چکے ہیں، لیکن ابھی شنوائی کرنے والا کوئی نہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں گیس کے چولہے نے مزید شعلے دینے کی بجائے کمی کر دی اور گیس بند ہونے سے خواتین کو خانہ امور داری میں مشکلات درپیش رہے گیس حکام نے گیس کو ٹھیک کرنے کے لئے دعوے تو کیے لیکن وہ دعوے بھی صرف اخبارات کی شہ سرخیوں کی زینت بن چکی ہے لیکن عملی طور پر کچھ نہیں ہوا واضح رہے کہ کوئٹہ سمیت......... بقیہ نمبر 36 صفحہ 10 پر

بلوچستان کے چند اضلاع میں گیس میسر ہے وہاں پر گیس نہ ہونے کے برابر ہے اور حالیہ سیلابی ریلوں کے بعد جس طرح دیگر ضروریات متاثر ہوئے اسی طرح گیس بھی مسلسل دس دن غائب تھا اور بعد میں سوئی گیس نے یہ دعویٰ کیا کہ گیس کو ٹھیک کر دیا اب کوئی مسئلہ نہیں ہوگا لیکن دو ہفتے سے ایک بار پھر مختلف علاقوں میں ہر دو گھنٹے کے بعد گیس غائب ہو جاتی ہے اور ساتھ میں پریشر کی کمی بھی ہوتی ہے اسی طرح بلوچستان کے اکثر علاقوں میں ایک مہینے سے گیس بالکل غائب ہے عوام کئی بار سڑکوں پر بھی نکل چکے ہیں احتجاج اور نا ئر جلا کر گیس حکام سے مطالبہ کیا کہ اس سلسلے میں کارروائی کر کے گیس لوڈ شیڈنگ ختم اور پریشر میں کمی دور کی جائے

Century Express Quetta

## لیاقت بازار میں گاڑیوں کی پارکنگ سے لوگ تنگ

فٹ پاتھوں پر بھی مکمل قبضہ ہے، پیدل چلنا بھی دشوار ہوگیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) لیاقت بازار میں گاڑیوں کی پارکنگ کی وجہ سے لوگوں کا پیدل گزرنا محال ہو گیا شہر کے اہم ترین کاروباری مرکز میں فٹ پاتھوں پر قبضہ بنیا اور فٹ پاتھ کے قریب ہی کھڑی گاڑیوں کی وجہ سے لوگوں کا اس جگہ سے گزرنا مشکل ہے روڈ کے کنارے کھڑی گاڑیوں کی جانب ٹریفک پولیس کے اہلکار کوئی توجہ نہیں دے رہے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ گاڑیوں کی بے ہنگم پارکنگ کی وجہ سے خریداری کرنا تو در کنار پیدل چلنا دشوار ہو چکا ہے، جس کے لئے ٹریفک پولیس کو ایکشن لینے کی ضرورت ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## اوستہ محمد میں امداد نہ ملنے کے خلاف احتجاجی کیمپ پانچویں روز بھی جاری رہا

سیلاب کو دو ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن آج تک ہمیں نا راشن ملا ہے اور نا ہی ٹینٹ، روڈوں پر بے یار و مددگار پڑے ہیں

اوستہ محمد (این این آئی) گوٹھ نور محمد جلبانی فیض آباد بیرون و اوستہ محمد سٹی کے بارش اور سیلاب متاثرین کو امدادی سامان نہ ملنے کے خلاف اے سی آفس کے سامنے انسانی حقوق کے تحفظ کی تنظیم کے صدر منصب علی عمرانی کی قیادت میں احتجاجی کیمپ قائم کیا گیا ہے احتجاج بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

کے پانچویں روز بھی کسی سرکاری ادارے یا سماجی تنظیم نے متاثرین سے رابطہ نہیں کیا۔ تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد گوٹھ فیض آباد بیرون کے سیلاب متاثرین کو ریلیف یا راشن نہ ملنے متاثرین سراپا احتجاج ہیں اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد کے خلاف آج پانچویں روز جاری احتجاج کے موقع پر انسانی حقوق کے صدر منصب عمرانی نور محمد جلبانی، لشکر خان کھوسو، مسی بھائی خان و دیگر سیلاب متاثرین کا کہنا ہے کہ سیلاب کو دو ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن آج تک ہمیں نا راشن ملا ہے اور نا ہی ٹینٹ ملا ہے ہم روڈوں پر بے یار و مددگار پڑے ہیں لیکن ہماری کوئی بھی نہیں سن رہا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے بچے بھوک اور پیاس سے تڑپ رہے ہیں بچے اور عمر رسیدہ افراد ملیریا سمیت مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو چکے ہیں لیکن افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ حکومت اور ضلعی انتظامیہ کوئی بھی توجہ نہیں دے رہی ہم نے مجبور ہو کر آج اسسٹنٹ کمشنر کے آفس کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم کر دیا ہے اگر ہمارا مطالبہ تسلیم نہ کیا گیا تو ہم بھوک ہڑتال پر بیٹھیں گے انہوں نے صوبائی حکومت، بلوچستان کمشنر نصیر آباد ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد اور این ڈی ایم اے سے پر زور اپیل کی کہ وہ ہمیں راشن ٹینٹ کی فراہمی کے لیے عملی اقدام اٹھائیں ورنہ ہمارا احتجاج جاری رہے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 23 OCT 2022 Page No. 11


## بلوچستان کابینہ کے اہم فیصلے

بلوچستان کابینہ کے اجلاس میں غیر ملکی شہریوں اور منصوبوں کی سیکورٹی کے لئے اسپیشل پروٹیکشن یونٹ کے قیام اور محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کو مزید فعال بنانے اور وسعت دینے کے ایجنڈے کی منظوری دی۔ کابینہ نے فیصلہ کیا کہ ان منصوبوں کیلئے وفاقی حکومت سے بھی مالی معاونت کا حصول یقینی بنایا جائیگا، کیونکہ ان کی افادیت صرف بلوچستان کے لئے ہی نہیں پورے ملک کے لئے ہے، وزیراعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سی ٹی ڈی کو ہدایت کی کہ وہ دہشت گردی کے خلاف تمام کارروائیاں آئین وقانون کے دائرے میں رہتے ہوئے کرے کیونکہ اگر کوئی بے گناہ زد میں آیا ہے تو حکومت اور ادارے کی بدنامی اور عوام میں بددلی پھیلتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں لاکھوں کی تعداد میں سیلاب متاثرین کو بے یارومددگار نہیں چھوڑ سکتے نقصانات کے ازالے اور متاثرین کی بحالی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائیں جائیں گے۔ متاثرین کو گھر بنا کر دیئے جائیں گے انہوں نے نقصانات کا سروے جلد مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ کابینہ نے سیلاب کے متاثرہ علاقوں کے کسانوں کو سبسڈی پر گندم کے بیجوں اور کھاد کی فراہمی کے لئے 2.20 ارب روپے کے اجراء کی منظوری بھی دی۔ بلوچستان میں غیر ملکی شہریوں اور منصوبوں کی سیکورٹی یقینی بنانے کے لئے اسپیشل پروٹیکشن یونٹ کے قیام اور سی ٹی ڈی کو مزید وسعت دینے کے فیصلے بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ صوبے میں امن وامان کی صورتحال اطمینان بخش نہیں اس لیے یہاں کام کرنے والے غیر ملکیوں کی حفاظت کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے بدامنی اور دہشت گردی کے واقعات کی روک تھام کیلئے سی ٹی ڈی اور دیگر متعلقہ اداروں کو فعال بنانا اور ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے وسائل کی فراہمی بہت ضروری ہے۔ دہشت گردی چونکہ ملک گیر مسئلہ ہے اور بلوچستان کے پی اس میں فرنٹ لائن صوبوں کا کردار ادا کر رہے ہیں اس لیے انسداد دہشت گردی کے اداروں کو فنڈز کی فراہمی میں وفاق کو بھی اپنا حصہ ڈالنا چاہئے کابینہ نے سنڈیمن ہسپتال (سول ہسپتال کوئٹہ) کی ماسٹر پلاننگ اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے کسانوں کو سبسڈی پر گندم کے بیجوں اور کھاد کی فراہمی کیلئے 2.20 ارب روپے کے اجراء کی بھی منظوری دی سول ہسپتال کوئٹہ نہ صرف پورے بلوچستان کی بلکہ ہمسایہ ملک افغانستان کی ضروریات کو بھی پوری کرتا ہے لیکن یہاں سہولیات ناکافی ہیں۔ اسے صوبائی دارالحکومت کے شایان شان اور عوام کو توقعات کے مطابق بنانے کیلئے بڑے پیمانے پر وسائل درکار ہیں اسی لئے صوبائی حکومت نے اسکی ماسٹر پلاننگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ حالیہ سلاب سے زراعت کے شعبے کو شدید نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے کسان اور کاشتکار سب سے زیادہ متاثر ہوئے ان کیلئے حکومت نے 2.20 روپے مالیت کے فنڈز کی منظوری دی جس کے تحت انہیں سبڈی پر گندم کے بیج اور کھاد فراہم کی جائیگی زرعی شعبے کی بحالی کیلئے صوبائی حکومت کو جامع حکمت عملی وضع کرنے کی ضرورت ہے تاکہ یہ نہ صرف عوام کی زرعی ضروریات پوری کرسکے بلکہ دیگر صوبوں کی بھی اس شعبے میں معاونت کرسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 23 OCT 2022 Page No. 12


## پاکستان میں پولیو مرض چیلنج، معاشرے کے فرد کا کردار لازمی

پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ضروری ہے کیونکہ یہ موذی مرض انتہائی خطرناک ہے، پولیو کے قطرے نہ پلانے کی وجہ سے بچے ہمیشہ کے لیے معذور ہو جاتے ہیں اور عمر بھر کے لیے مشکلات سے دوچار ہوتے ہیں جبکہ والدین بھی شدید ذہنی اذیت میں مبتلا ہو کر رہ جاتے ہیں۔ پاکستان اور افغانستان سے اب تک پولیو جیسے موذی مرض کا خاتمہ نہیں ہوسکا ہے پاکستان کے لیے یہ سب سے بڑا چیلنج ہے۔ البتہ حکومت اور محکمہ صحت کی جانب سے پولیو مہم مسلسل چلائی جارہی ہے اور اس حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے۔ والدین خاص کر شہریوں سے درخواست ہے کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں بلکہ بچوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے پولیو مہم کا حصہ بن کر اپنا کردار ادا کریں۔ گزشتہ روز چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے بلوچستان یونمز میں ورلڈ پولیو ڈے اور پولیو ہیروز کو سلام پیش کرتے ہوئے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک اور صوبے کو پولیو جیسے موذی مرض سے پاک کرنا صوبائی اور وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مرض سے بچے مستقل طور پر معذور ہو جاتے ہیں اور بچے اس قوم کا مستقبل ہیں، ہم ہر صورت اپنے مستقبل کو معذور نہیں ہونے دیں گے اور وہ دن دور نہیں جب پاکستان پولیو فری ممالک میں شامل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے پولیو جہاں بچوں کو جسمانی معذور کرتا ہے وہیں بچوں کی جان بھی چلی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ اس وقت دنیا میں پولیو کا خاتمہ ہوگیا مگر بدقسمتی سے پاکستان اور افغانستان میں تاحال پولیو وائرس موجود ہے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان سمیت پورے ملک میں پولیو ورکرز نے قربانیاں دیں ہیں اور انکی خدمات قابل تحسین ہیں جنکی کوششوں سے ملک میں پولیو کیسز کی شرح میں کسی حد تک کمی واقع ہوئی ہے اور صوبے میں دو سال سے پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ بلوچستان کو پولیو فری بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمہ کے لیے ایل کیو اے ایس کو بڑھا کر 98 فیصد کرنا ہے اس مقصد کے لیے بہترین کارکردگی دکھانے والے کارکنوں کو کیش ایوارڈ بھی دیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز کی محنت کی بدولت گزشتہ 18 ماہ سے بلوچستان میں کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ بلوچستان کو پولیو فری بنایا جائے۔ انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کے پی اور افغانستان میں وائرس کی موجودگی کے باعث بلوچستان کو اب بھی خطرہ موجود ہے تاہم بلوچستان کو لگنے والے بارڈرز پر لاحق خطرے کے باعث خصوصی ٹیمیں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے لیے موجود ہیں۔ اس موقع پر کوئٹہ میں پولیو ایمرجنسی مرکز کے سربراہ سید زاہد شاہ، بلوچستان اسمبلی کے رکن نصراللہ زیرے اور ڈائریکٹر جنرل صحت نور قاضی، مولانا انوار الحق حقانی، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، یونیسیف، ڈبلیو ایچ او کے نمائندے، طلبا و طالبات، سول سوسائٹی و دیگر مکاتب فکر کے لوگوں نے شرکت کی۔ بعدازاں انہوں نے صوبے سے پولیو کے خاتمہ میں بہترین کردار ادا کرنے پر پولیو ورکرز کے علاوہ سماجی و سیاسی کارکنوں، علماء اور صحافیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ حکومت کی جانب سے یہ اچھا اقدام ہے کہ ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو اس مہم میں شامل کیا جارہا ہے تاکہ پولیو کا جڑ سے خاتمہ ممکن ہوسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.____ Dated: 23 OCT 2022 Page No.____



کوئٹہ: قائمقام گورنر جان جمالی کا آل پاکستان مائنز اینڈ منرلز کے مالکان کیساتھ گروپ



کوئٹہ: قائمقام گورنر میر جان محمد جمالی سے سوڈان میں تعینات پاکستانی سفیر میر بہروز ریکی ملاقات کررہے ہیں



قائمقام گورنر جان محمد جمالی سے پی پی کی غزالہ گولہ، کرن بلوچ اور خوش بخت ملاقات کررہی ہیں



کوئٹہ: قائمقام اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کررہے ہیں

QUDRAT QUETTA



صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ، پارلیمانی سیکرٹری ملک نعیم بازئی، رکن صوبائی اسمبلی قادر نائل اسمبلی اجلاس کے اختتام پر بات چیت کررہے ہیں



لورالائی: صوبائی وزیر محمد خان طور اوتمانخیل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی تعلیم کے حوالے سے بات چیت کررہے ہیں